# شکایات کا طریقہ کار: معیاری شکایت فارم (اردو)

## 1. شکایت کنندہ سے متعلق معلومات

آپ درج ذیل کی حیثیت سے شکایت جمع کرا رہے ہیں:

◯ شکایت کنندہ

◯ شکایت کنندہ کا نمائندہ (کسی شکایت کنندہ کی نمائندگی کوئی دوسرا شخص، وکیل، تنظیم، وغیرہ کر سکتی ہے بشرطیکہ وہ شکایت کنندہ کی طرف سے شکایت جمع کرانے کے لیے مجاز ہو)۔ اگر آپ یہ آپشن منتخب کرتے ہیں تو آپ کو لازماً اجازت نامہ بھر کر جمع کر کے اس بات کا ثبوت جمع کرنا ہوگا کہ آپ کو شکایت کنندہ کی طرف سے اس شکایت کو جمع کرانے کا اختیار دیا گیا ہے۔

| **شکایت کنندہ** | | **شکایت کنندہ کا نمائندہ**<br>*(صرف اسی صورت میں مکمل کیا جائے گا جبکہ مذکورہ بالا دوسرا آپشن منتخب کیا گیا ہو)* | |
|---|---|---|---|
| آخری نام* | | آخری نام* | |
| پہلا نام* | | پہلا نام* | |
| عمر * | | تنظیم کا نام (اگر قابل اطلاق ہو) | |
| قومیت* | | | |
| صنف* | ◯ مرد<br>◯ خاتون<br>◯ دیگر<br>◯ میں شیئر کرنا نہیں چاہتا/ چاہتی ہوں | شکایت کنندہ سے رشتہ | |
| ای میل پتہ* | | ای میل پتہ* | |
| ٹیلی فون نمبر | | ٹیلی فون نمبر | |
| ڈاک کا پتہ | | ڈاک کا پتہ | |

** کے ذریعہ نشان زدہ فیلڈز لازمی ہیں*

## 2. بنیادی حقوق کی مبینہ خلاف ورزی (ورزیوں) سے متعلق معلومات اور شکایت سے متعلق ضروری تفصیلات

- براہ کرم واقعات کی ایک تفصیلی وضاحت فراہم کریں اور یہ کہ کس طرح انہوں نے آپ کو شخصی طور پر یا جس شخص کی آپ نمائندگی کر رہے ہیں اس کو متاثر کیا ہے۔ کیا ہوا تھا؟ کون شامل تھا؟ کیا اس کے چشم دید گواہ تھے؟

Winemakers Wharf
والیٹا, MRS 1917, مالٹا

Tel: +356 22487500
info@euaa.europa.eu

یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ
(European Union Agency for Asylum)
www.euaa.europa.eu

- براہ کرم اس شخص (اشخاص) کی ایک تفصیلی وضاحت فراہم کریں جن کے بارے میں آپ شکایت کر رہے ہیں۔ شامل شخص (اشخاص) کے بارے میں معلومات فراہم کریں (مثال کے طور پر، نام، لباس کی تفصیلات*، بولی جانے والی زبان، جسمانی ہیئت، وہ کون سا کام انجام دے رہا / رہی تھی، وغیرہ)۔

| |
|---|
| |

**یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (European Union Agency for Asylum, EUAA) کے ماہرین کی شناخت ان کے مخصوص کپڑوں یا بیجز سے کی جا سکتی ہے جن پر ذیل میں دیا گیا لوگو ہوتا ہے۔*

- اس حالیہ ترین واقعہ کی تخمینی تاریخ کیا ہے جو بنیادی حقوق کی مبینہ خلاف ورزی (ورزیوں) کا باعث بنا؟

| |
|---|
| (دن) __________ / (ماہ) __________ / (سال) __________ |

- کب اور کہاں یہ واقعات پیش آئے (مثال کے طور پر، تخمینی تاریخیں، جگہ کی وضاحت، درست مقام، ریسپشن سنٹر، شہر، ملک کا نام)؟


Winemakers Wharf
والیٹا, MRS 1917, مالٹا
Tel: +356 22487500
info@euaa.europa.eu
یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ
(European Union Agency for Asylum)
www.euaa.europa.eu
IS-021.24-01

- کیا آپ نے اپنی شکایت کسی دیگر ادارے میں جمع کرائی ہے (مثال کے طور پر، نیشنل اومبڈسمین، حقوق انسانی کا کوئی قومی ادارہ، پولیس، وغیرہ)؟ براہ کرم واضح کریں کہ کون سا ادارہ، کارروائی کی حالت اور نتیجہ، اگر کوئی ہو۔

### 3. راز داری اور شخصی ڈیٹا

یہ شکایت جمع کرا کر، آپ بنیادی حقوق سے متعلق افسر اور EUAA کے ذریعہ اپنے شخصی ڈیٹا پر کارروائی کے لیے اپنی رضامندی دیتے ہیں۔ بنیادی حقوق سے متعلق افسر شکایات پر راز داری کے ساتھ کارروائی کرتا ہے۔ اگر آپ کی شکایت قابل قبول قرار دی جاتی ہے تو اسے کسی فالو اپ کے لیے مجاز حکام کو ریفر کیا جائے گا (EUAA کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور / یا متعلقہ رکن ریاست کے قومی حکام) اور بنیادی حقوق کے متعلقہ قومی اداروں کو بھیجا جائے گا۔

بنیادی حقوق سے متعلق افسر اور EUAA آپ کا ڈیٹا آپ کی واضح رضامندی کے تحت صرف مجاز قومی اتھارٹیوں اور بنیادی حقوق کے قومی اداروں کو ظاہر کرے گا۔ اگر آپ ان کے ساتھ اپنا شخصی ڈیٹا شیئر کرنے پر رضامند ہوتے ہیں تو حکام زیادہ اچھے انداز میں آپ کی شکایت پر فالو اپ کرسکتے ہیں۔

*میں بذریعہ ہذا اپنا شخصی ڈیٹا حسب اطلاق متعلقہ رکن ریاست (ریاستوں) کے مجاز قومی حکام اور بنیادی حقوق کے متعلقہ اداروں کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے رضامندی دیتا / دیتی ہوں۔*

- ◯ ہاں، میں رضامندی دیتا / دیتی ہوں۔
- ◯ نہیں، میں رضامندی نہیں دیتا / دیتی ہوں۔

آپ ڈیٹا تحفظ نوٹس یہاں دیکھ سکتے ہیں۔

### 4. شکایت کنندہ کے دستخط

- ◯ اس چیک باکس کو نشان زد کر کے، آپ بطور شکایت کنندہ اس فارم پر دستخط کر رہے ہیں۔



Winemakers Wharf
مالٹا ,MRS 1917 ,والیٹا

Tel: +356 22487500
info@euaa.europa.eu

یوروپی یونین ایجنسی برائے پناہ
(European Union Agency for Asylum)
www.euaa.europa.eu

IS-021.24-01

EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

○ اس چیک باکس کو نشان زد کر کے، آپ شکایت کنندہ کی طرف سے اس فارم پر دستخط کر رہے ہیں۔

شکایت کنندہ یا ان کے نمائندہ کا اس معیاری شکایت فارم پر دستخط کرنا لازمی ہے۔ اگر فارم پر نمائندہ دستخط کرتا ہے تو نمائندگی کا ثبوت، جیسے تحریری صورت میں درست اجازت نامہ، لازماً فراہم کیا جانا چاہیے۔ اگر شکایت کنندہ شکایت یا اجازت نامہ پر جائز وجوہات کی بنیاد پر دستخط کرنے سے قاصر ہو (مثال کے طور پر، مر گیا، غائب ہوگیا، ایسی حراست میں ہے جہاں رابطے کی اجازت نہیں ، صحت کے مسائل، ناخواندگی، وغیرہ) یا نمائندگی کے لیے تحریری اجازت نامہ نہ دینے کے لیے شکایت کنندہ کے پاس دیگر واضح اسباب ہوں تو براہ کرم اختیار دہندگی کی تصدیق کے لیے ایک تائیدی دستاویز کے طور پر دیگر وسائل فراہم کریں (ذیل میں سیکشن 5 دیکھیں)۔

اس شکایت پر دستخط کرنے سے پہلے، براہ کرم یقینی بنائیں کہ قبولیت کی جملہ شرائط پوری کی جاتی ہیں۔

- شکایت آپ کے ذریعہ ممکنہ متاثرہ فرد کے طور پر یا آپ کے نمائندہ کے ذریعہ جمع کرائی جا سکتی ہے۔
- آپ نے ممکنہ متاثرہ فرد کے طور پر، یا آپ کے نمائندہ نے رابطے کی تفصیلات فراہم کر دی ہوں جن سے آپ کی شناخت ہوتی ہو۔
- آپ نے شکایت کی تائید میں کافی معلومات فراہم کر دی ہوں۔
- آپ کی شکایت تحریری شکل میں جمع کرائی گئی ہو۔
- آپ کی شکایت کا تعلق EUAA اسائیلم سپورٹ ٹیم کے کسی ممبر کی کاروائیوں سے ہو۔
- EUAA اسائیلم سپورٹ ٹیم کے کسی رکن کے عمل کے تعلق سے دعوی کردہ حقائق کو شکایت کنندہ کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی سمجھا جا سکتا ہے۔
- آپ نے حقائق پیش آنے کے وقت سے ایک سال کے اندر شکایت جمع کرائی ہو۔
- آپ کی شکایت نا شائستہ، بد نیتی پر مبنی، بے بنیاد، پریشان کن، فرضی یا غلط نہ ہو۔

| دستخط (براہ کرم اپنا نام ٹائپ کریں اگر فارم برقی شکل میں پر کر رہے ہوں) |
|---|
| |

دستخط کی تاریخ

| (دن) __________ / (ماہ) __________ / (سال) __________ |
|---|

### 5. ضمیمے: تائیدی دستاویزات کی نقول

آپ کی شکایت کا جائزہ لینے کے لیے آپ کی شناخت اور آپ کی شکایت سے متعلق دستیاب تائیدی دستاویزات کی نقول موصول کرنا مفید ہوتا ہے۔ اس طرح کی دستاویزات کی مثالیں ہیں:



Winemakers Wharf
والیٹا, MRS 1917, مالٹا

Tel: +356 22487500
info@euaa.europa.eu

یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ
(European Union Agency for Asylum)
www.euaa.europa.eu

IS-021.24-01

- آپ کی شناخت سے متعلق: آپ کے شناختی کارڈ، پاسپورٹ یا کسی اور شناختی دستاویز کی تصویر یا نقل (مثال کے طور پر، اس ملک کے ذریعہ جاری کردہ دستاویزات جہاں آپ نے اسائیلم کے لیے درخواست دی ہے)؛
- آپ کی شکایت سے متعلق: آپ کی شکایت سے متعلق کسی بھی دستاویزات کی نقول، رپورٹیں، اسناد، گواہ کے بیانات یا دیگر تائیدی دستاویزات، جس میں تصویریں یا ویڈیو شامل ہیں اگر دستیاب ہو؛
- اگر آپ کوئی شکایت شکایت کنندہ کی طرف سے ایک نمائندہ کے طور پر جمع کرا رہے ہیں تو براہ کرم اجازت نامہ کا فارم بھی جمع کرائیں۔

آپ یہ معیاری شکایت فارم اور اس کے ضمیمے یا تو complaints@euaa.europa.eu پر ی ای میل بھیج کر یا بذریعہ پوسٹ اس پتے پر: بھیج کر جمع کرا سکتے ہیں۔

یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (European Union Agency for Asylum)
**بشرف ملاحظہ**: بنیادی حقوق سے متعلق افسر(Fundamental Rights Officer)
وائن میکرز وارف (Winemakers Wharf)
والیٹا (Valletta)
MRS 1917
مالٹا
(Malta)

اگر بذریعہ ڈاک بھیج رہے ہوں تو براہ کرم لفافے پر 'نجی اور خفیہ' جلی حروف میں تحریر کریں۔


Winemakers Wharf
والیٹا, MRS 1917, مالٹا

Tel: +356 22487500
info@euaa.europa.eu

یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ
(European Union Agency for Asylum)
www.euaa.europa.eu

IS-021.24-01